## سوال

(652)ہدی اور اضیحہ میں کیا فرق ہے؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ہدی اور اضیحہ میں کیا فرق ہے۔ ایک جانور میں کتنے آدمی شریک ہوسکتے ہیں۔؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہدی اس قربانی کوکہتے ہیں۔ جوکعبہ شریف میں پہنچائی جائے۔ جیساکہ قرآن شریف میں ارشاد ہے۔ ہدیا م بالغ الکعبة اضیحہ قربانی کوکہتے ہیں۔ چاہے کہیں کی جائے۔ بھیڑ بکری میں ایک گائے میں سات اوراونٹ میں دس آدمی شریک ہوسکتے ہیں۔

تشریح

گائے میں سات آدمی اوراونٹ میں دس آدمی کے شریک ہونے کا حکم خاص ہدی میں ثابت ہے یا قربانی میں بھی ثابت ہے۔

الجواب۔ قربانی میں بھی ثابت ہے۔ سبل السلام جلد اصفحہ 176 میں ہے۔

"یندب لبس احسن الثیاب والتطیب باجود الاطیاب فی یوم العید ویزید فی الاضحی اضحیة باسمن مایجد لها اخرجہ الحاکم من حدیث الحسن السبط"

"قال امرنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی العیدین ان نلبس اجود ما نجد وان تطیب باجود ما نجد وان تضحی باسمن ما نجد البقرة عن سبعة والجزور عن عشرة وان نظهر التکبیر والسکینة والوقار قال الحاکم بعد اخرجہ من طریق اسحاق بن برزخ لولا جهالة اسحق ہذا لحکمت للحدیث بالصحة قلت ولیس بمجهول فقد ضعفہ الازدي ووثقہ ابن حبان زکوہ فی التلخیص نتهی"

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری